E-mail: mahasibgilgit@gmail.com www.mahasib.com.pk
MEMBER APNS
گلگت بلتستان، ایبٹ آباد، مظفرآباد اور میرپور سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اخبار
ABC CERTIFIED
DAILY MAHASIB
روزنامہ محاسب گلگت بلتستان
بیاد نسیم حجازی
چیف ایڈیٹر: ظفر حجازی
قیمت 5 روپے
جلد نمبر 6
جمعرات 11 اکتوبر 2012ء، 23 ذی القعدہ 1433ھ
شمارہ 231

گلگت: سیکریٹری سیاحت گلگت بلتستان سید اختر حسین رضوی EVK2CNR SEED-PMU کے دفتر افتتاحی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

سیکریٹری سیاحت نے قراقرم یونیورسٹی میں قائم سیڈ پروجیکٹ کے دفتر کا افتتاح کر دیا

اس موقع پر سیڈ کے پراجیکٹ کے سٹاف، قراقرم یونیورسٹی کے چند پروفیسرز کے علاوہ سیڈ پراجیکٹ کے ڈائریکٹر رافیلے ڈیل چیمہ Raffaele Del بھی موجود تھے

سیڈ پراجیکٹ گلگت بلتستان میں مختلف شعبوں میں ترقی کے لیے کوشاں ہے اور مختلف اداروں کے ساتھ مل کر ترقی کا یہ عمل آگے بڑھایا جا رہا ہے

گلگت (نامہ نگار خصوصی) سیکریٹری سیاحت و ثقافت گلگت بلتستان سید اختر رضوی نے آج قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی میں قائم سیڈ پراجیکٹ Project SEED کے نئے دفتر کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر سیڈ کے پراجیکٹ کے سٹاف، قراقرم یونیورسٹی کے چند پروفیسرز کے علاوہ سیڈ (بقیہ 23 صفحہ 3)

بقیہ نمبر 23

پراجیکٹ کے ڈائریکٹر رافیلے ڈیل چیمہ Raffaele Del Cima بھی موجود تھے۔ سیڈ پراجیکٹ کا گلگت بلتستان میں بالعموم اور سنٹرل قراقرم نیشنل پارک میں بالخصوص کردار کو سراہتے ہوئے سید اختر رضوی نے کہا کہ سیڈ پراجیکٹ نے معاشی، سماجی، ماحولیات اور ریسرچ کے شعبوں میں بے پناہ کام کیا ہے اور ہمیں امید ہے کہ یہ ادارہ اپنا کردار اسی طرح ادا کرتا رہے گا۔ جس سے علاقے میں کئی شعبوں میں ترقی ہوگی۔ اس موقعے پر اظہارِ خیال کرتے ہوئے سیڈ پراجیکٹ کے ڈائریکٹر فیلے ڈیل چیمہ Raffaele Del Cima نے کہا کہ سیڈ پراجیکٹ گلگت بلتستان میں مختلف شعبوں میں ترقی کے لیے کوشاں ہے اور مختلف اداروں کے ساتھ مل کر ترقی کا یہ عمل آگے بڑھایا جا رہا ہے۔ جس میں ای وی کے ٹو سی این آر، قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی، آغا خان رورل سپورٹ پروگرام، MGPO،WWF، الپائن کلب آف پاکستان اور ڈائریکٹریٹ آف سنٹرل قراقرم نیشنل پارک CKNP, شامل ہیں۔ سیڈ پراجیکٹ Ev-K2-CNR Committee کے تحت عمل پذیر ہونے والا ایک پراجیکٹ ہے جس میں قراقرم انٹرنیشنل یونیورسٹی ایک اہم پارٹنر کے طور پر شامل ہے۔ اس کی مالی معاونت گورنمنٹ آف اٹلی اور گورنمنٹ آف پاکستان مشترکہ طور پر کر رہے ہیں۔